ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(20)

09-01-2023

**بہاول پور ( ) آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔ پولیس کے چاق وچوبند دستے کی سلامی، اپنے فرائض کے ساتھ ساتھ فٹنس اور ڈسپلن پر خصوصی توجہ دی جائے، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایت پر علی الصبح ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ جنرل پریڈ میں ڈسٹرکٹ پولیس، ایلیٹ، ڈولفن فورس اور ٹریفک اسٹاف نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق وچوبند دستوں نے پریڈ کی اور جنرل سلامی دی افسران نے جنرل پریڈ کا ملاحظہ اور ٹرن آوٹ چیک کیا۔ جنرل پریڈ کا مقصد آفیسران و جوانوں کی جسمانی فٹنس کو برقرار رکھنا ہے انہوں نے پریڈ میں شامل آفیسران اور جوانوں سے کہا کہ اپنی صحت اور فٹنس کا خاص خیال رکھیں تاکہ آپ بہتر چاق وچوبند ہو کر فرائض سرانجام دے سکیں۔ بعدازاں ایم ٹی سیکشن میں سرکاری وہیکلز کا معائنہ کیا گیا اور ڈرائیوروں کو سرکاری وہیکلز کی حفاظت کے بارے ہدایات دی گئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس لائن میں جنرل پریڈ کا انعقاد۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (21)

09-01-2023

## بہاول پور() پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ 02 روز میں 20 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں سے 01 کلو سے زائد چرس، 06 پسٹل 30 بور اور 274 لیٹر شراب دیسی برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب اور مسافر خانہ نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 05 ملزمان کو گرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے 274 لیٹر شراب دیسی برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ مسافر خانہ نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1600 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ تھانہ چنی گوٹھ اور ڈیراور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 06 ملزمان کو گرفتار کرکے قبضہ سے 06 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیا۔ سٹی حاصلپور پولیس نے جوا کھیلنے والے 05 ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کردیا۔ جبکہ تھانہ بغداد الجدید اور چنی گوٹھ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لا پرواہی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرکے پابند سلاسل کردیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قانون شکنی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے کو منشیات فروشوں سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ 02 روز میں 20 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (22)

09.01.2023

**بہاول پور( ) عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کی سروسز جاری۔ بہاولپور پولیس کی جانب سے گذشتہ سال 2022 کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی۔سال 2022 میں کل 4259 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے جس میں عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میڈیکل لیگل سروسز کی فراہمی میں معاونت فراہم کرنا ہمارا فرض ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، ڈی پی اوعبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی معیاری میڈیکولیگل سروسز کی پالیسی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو معیاری میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ پولیس خدمت کاونٹر کے زریعے متاثرہ شخص / مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جا کر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹروں کے معائنے کے بعد، میڈیکل سرٹیفیکیٹ بنائے جاتے ہیں۔گذشتہ سال 2022 میں پولیس خدمت کاونٹرز کی براہ راست معاونت سے 4259 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے، جس میں 3175 مرد حضرات, 1083 خواتین اور 01 خواجہ سرا مستفید ہوئے۔اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں جو کرپشن سے پاک، شفاف، بااخلاق اور بہترین ماحول میں باکردار ٹیم اپنے فرائض کی انجام دے رہی ہیں۔خواتین کے لئے لیڈی پولیس کا عملہ بھی ہمہ وقت موجود ہوتا ہے جو کسی بھی ایمرجنسی یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو 1122 سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون / مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز / میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آگاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ڈی پی اوعبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔میڈیکل لیگل سرٹیفیکیٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور پولیس کی جانب سے گذشتہ سال 2022 کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی۔4259 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے